(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

بین الاقوامی ممالک کے لحاظ سے

فلسطین / غزہ

بین الاقوامی امور / تنازعات کی پیش رفت

## پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد جنگ بندی کے بعد غزہ میں خوراک اور امن وامان کی صورتحال میں کچھ بہتری دیکھتی ہے، جہاں 43% افراد کے مطابق جنگ بندی ہونے کے بعد حالات میں بہتری آئی ہے، جبکہ 26% افراد کسی بھی طرح کی کوئی تبدیلی محسوس نہیں کرتے۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 16 فروری 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد کا ماننا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے بعد خوراک اور امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ مجموعی طور پر، 43% جوابدہندگان جنگ بندی ہونے کے بعد غزہ میں کسی نہ کسی سطح پر بہتری محسوس کرتے ہیں، جبکہ 26% افراد کے مطابق صورتحال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔

**"غزہ میں امن کے قیام کے لیے بورڈ کی تشکیل اور فوج کی تعیناتی کا معاملہ"** کے حوالے سے عوامی رائے پر مبنی تفصیلی رپورٹ حاصل کرنے کے لیے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" غزہ میں جنگ بندی ہونے کے بعد خوراک اور امن وامان میں کتنی بہتری آئی ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 10% جوابدہندگان کے مطابق غزہ میں جنگ بندی ہونے کے بعد خوراک اور امن وامان میں "بہت زیادہ بہتری" آئی ہے، جبکہ 33% کے مطابق صورتحال میں "تھوڑی بہت بہتری" آئی ہے۔ دوسری جانب، 26% جوابدہندگان کے مطابق حالات میں "کوئی تبدیلی نہیں" آئی ہے۔ دیگر (31%) جوابدہندگان نے یا تو کسی رائے کا اظہار نہیں کیا یا جواب نہیں دیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ جنگ بندی کے بعد غزہ کی صورتحال کے بارے میں عوام میں کچھ امید پائی جاتی ہے۔ تاہم ایک بڑی تعداد کا کہنا ہے کہ حالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ جنگ بندی کے اثرات اور اس کے عملی نتائج، خصوصاً خوراک کی دستیابی اور امن وامان کے حوالے سے، خدشات اب بھی موجود ہیں۔

**" غزہ میں جنگ بندی ہونے کے بعد خوراک اور امن وامان میں کتنی بہتری آئی ہے؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی وشہری آبادی کی 1,567 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 03 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**<u>Monday, 16th February 2026</u>**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)